| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 پہلا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تعوّذ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر "اعوذ باللہ من الشیطن الرحیم" خوش خط لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اعوذ باللہ کو تعوّذ کہتے ہیں جس کے معنی ہیں: "پناہ مانگنا"۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 5 کھولنے کی ہدایت کریں اور سبق کے متن کو درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ سبق کو توجہ سے سنیں۔
- تختہ تحریر پر لکھی اعوذ باللہ من الشیطن الرحیم کو پہلے خود پڑھیں پھر طلبہ سے باآواز بلند درست تلفّظ سے پڑھوائیں۔
- طلبہ کو تعوّذ کا مطلب سمجھائیں انھیں بتائیں کہ تعوّذ کے معنی ہیں پناہ مانگنا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہم تعوّذ میں اللہ تعالیٰ سے اس کی پناہ مانگتے ہیں کہ اے اللہ! ہمیں شیطان کے شر سے بچا۔
- طلبہ کو تعوّذ کا ترجمہ پڑھائیں اور زبانی یاد کروانے کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** 5 منٹ

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے تعوّذ اور اس کا ترجمہ زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **3منٹ**

⇐ طلبہ تعوّذ کو اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: حفظ و ترجمہ** |

**سوال 1:** ترجمہ لکھیں۔

تَعَوُّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: ______________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تعوّذ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر تعوّذ لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے شیطان سے بچنے کے لیے ہمیں تعوّذ سکھایا ہے۔ تعوّذ پڑھنے سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 5 کا متن پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ انھیں قرآن مجید پڑھنے کے آداب کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید دنیا کی بہترین اور پاک کتاب ہے لہٰذا اس کی تلاوت سے پہلے ہم تعوّذ پڑھتے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:

ترجمہ: تو جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو اللہ کی پناہ لیں شیطان مردود سے"۔

(سورۃ النحل، آیت: 98)

- طلبہ کو بتائیں کہ شیطان انسان کا سب سے بڑا دشمن ہے وہ چاہتا ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے راستے سے بھٹک جائے اور برائی کے راستے پر چلے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ہمیں شیطان مردود کے شر سے بچنے کے لیے تعوّذ سکھائی ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ جب ہمیں غصہ آئے یا کوئی برا خیال آئے تب بھی تعوّذ پڑھنی چاہیے۔

نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے بھی غصے کی حالت میں خاموشی اختیار کرنے اور تعوّذ پڑھنے کا حکم دیا ہے۔(صحیح الجامع)

- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

ہمیں اعوذ باللہ من الشیطن الرحیم پڑھنا چاہیے:

| | | |
|---|---|---|
| قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے | غصّہ آنے پر | برا خیال آنے پر |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے تعوّذ مع ترجمہ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 10منٹ

⟸ طلبہ تعوّذ کا ترجمہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:__________** | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: حفظ و ترجمہ** |

سوال 1:      رنگ بھریں اور ترجمہ لکھیں۔

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ : ____________________________________________

سوال 2:      تعوّذ کے کیا معنٰی ہیں؟

____________________________________________

سوال 3:      تعوّذ پڑھنے کے تین مواقع تحریر کریں۔

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 7 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ________ |

| | |
|---|---|
| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تسمیہ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر "بسم الله الرحمن الرحیم" خوش خط لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ بسم اللہ کو تسمیہ کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم الله الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 6 کھولنے کی ہدایت دیں اور اس صفحے پر متن کو درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ سبق کو توجہ سے سنیں۔
- تختہ تحریر پر لکھی بسم الله الرحمن الرحیم کو پہلے خود پڑھیں پھر طلبہ سے بآواز بلند درست تلفّظ سے پڑھوائیں۔
- طلبہ کو تسمیہ کا مطلب سمجھائیں انھیں بتائیں کہ تسمیہ کے معنی ہیں: نام لینا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام لینا چاہیے۔
- انھیں بتائیں کہ تسمیہ پڑھنے سے ہر کام آسان ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد شامل ہو جاتی ہے۔
- طلبہ کو تسمیہ کا ترجمہ پڑھائیں اور زبانی یاد کروانے کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| جائزہ: | 6منٹ |
|---|---|

طلبہ سے تسمیہ کا ترجمہ زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

ورک شیٹ حل کریں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 10منٹ |
|---|---|

طلبہ تسمیہ کو اپنی کاپیوں پر لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حفظ و ترجمہ |
|---|---|---|

سوال1: ترجمہ لکھیں۔

تَسْمِیَہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: ____________________________________________